سوال

(617)ڈیکوریشن کےلیے پرندے اور مچھلیاں رکھنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا یہ جائز ہے کہ پرندوں مثلا طوطوں وغیرہ کو پنجروں میں ڈال کر گھروں میں ڈیکوریشن کےلیے استعمال کیا جائے یا بلبلوں کو پنجروں میں ڈال گھروں میں رکھا جائے تاکہ ان کی آواز سے لطف اٹھایا جائے یا پانی کے حوض میں رنگین مچھلیوں کو رکھا جائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ ان جانوروں پر ظلم نہ کیا جائے اور ان کے کھانےپینے کا اچھا انتظام کیا جائے، خواہ یہ طوطا ہو یا کبوتر ہو یا مرغ ہو بشرطیکہ ان سے سلوک کیا جائے اوران پر ظلم نہ کیا جائے اور خواہ انہیں حوضوں میں رکھا جائے یا پنجروں میں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص470

محدث فتویٰ